# حل المشکلات من الملفوظات

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ
سے اخذ شدہ وظائف کا مجموعہ



انجمن ضیاءِ طیبہ

# پیش لفظ

♦♦♦

الحمدللہ علی احسانہٖ ...!

انجمن ضیاءِ طیبہ کے ضیائی دارالاشاعت کی ۹۲ویں کڑی "حل المشکلات من الملفوظات" آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ انجمن ضیاءِ طیبہ کی اوراد و وظائف پر مشتمل مطبوعہ کتب میں چھٹے نمبر پر ہے۔ جسے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رضی اللہ عنہ کے ملفوظات شریف میں سے وظائف کے جواہر پاروں کو چُن چُن کر یکجا کیا گیا، جو عوام الناس کے لیے بہترین تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے کریم آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے انجمن کی اس کاوش کو قبول فرمائے۔ آمین

انجمن ضیاءِ طیبہ

# حلّ المشکلات من الملفوظات




اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا

(ترجمہ کنزالایمان)

# فہرست


زیارتِ اقدس حاصل ہونے کا صیغۂ درود...... 05
کثرتِ لاحول کی برکت...................... 07
برکت رزق کی تیر بہدف دعا.................. //
کثرتِ رزق کا مؤثّر وظیفہ.................. 09
دفع وسوسہ کا عمل......................... 10
سورۂ تبارک کے فائدے...................... 11
کلمۂ طیّبہ کا ثواب اور ایک جوان کا کشف....... 13
خاتمہ بالخیر ہونے کا وظیفہ.................. 15
دفعِ بخار کا عمل........................... 17
وظیفہ کے اُلٹے اثر کا علاج.................. 18
سبحان اللہ، الحمدللہ کے منافع................. 19
بینائی تیز کرنے کا نسخہ...................... 21
بلا رسیدہ کو دیکھ کر پڑھنے کی دعا.............. 24

- قرض ادا ہونے کا مجرّب عمل ................ 25
- مجلس سے اٹھتے وقت کی دعا ................ 26
- بعدِ مغرب شیاطین کا منتشر ہونا ................ 28
- زہریلے جانوروں سے بچنے کی دعا ................ 29
- انگلیوں کے پوروں پر ذکرِ الٰہی کا شمار ................ 30
- "لقوہ" کا مؤثر عمل ................ 31
- گلا پھولنے کا عمل ................ //
- سفر کے لیے مناسب دن ................ 32
- طلبِ حاجت کے لیے مناسب دن ................ //
- منگل کے دن کپڑا قطع کرنا ................ 33
- آیات کو معکوس (اُلٹا) پڑھنے کی وعید ................ 34
- جہالت کی پیداوار بعض وظائف ................ 35
- بے علم صوفی ................ 37
- امام ضامن کا پیسہ ................ 38
- ایک مُنَاجات کارد ................ //
- دیگر ................ 39

## زیارت اقدس حاصل ہونے کا صیغۂ درود

**عرض:** حبیبِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی زیارتِ شریفہ حاصل ہونے کا طریقہ کیا ہے؟

**ارشاد:** درود شریف کی کثرت، شب میں اور سوتے وقت کے علاوہ ہر وقت تکثیر رکھے، بالخصوص اِس درود شریف کو بعدِ عشا سو بار یا جتنی بار پڑھ سکے پڑھے:

www.ziaetaiba.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَهٗ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ صَلَّی اللہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ۞

انجمن ضیاء طیبہ
www.ziaetaiba.com

حصولِ زیارتِ اقدس صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے لیے اس سے بہتر صیغہ نہیں، مگر خالص تعظیمِ شانِ اقدس صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے لیے پڑھے؛ اس نیّت کو بھی جگہ نہ دے کہ مجھے زیارت عطا ہو؛ آگے ان کا کرم بے حد و بے انتہا ہے۔ [1]

[1] الملفوظ، حصّہ اوّل، ص ۱۱۵۔۱۱۶۔

## کثرتِ لاحول کی برکت

مولوی عبدالرحمٰن صاحب بہاری جے پوری: حضور، حاجی عبدالجبار صاحب کو اکثر اوقات پریشانی رہتی ہے۔

**ارشاد:** لاحول شریف کی کثرت کریں یہ ۶۹ بلاؤں کو دفع کرتی ہے؛ ان میں سب سے آسان تر پریشانی ہے اور ۶۰ بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے روز پی لیا کریں۔ [1]

## برکت رزق کی تیر بہدف دعا

**عرض:** برکتِ رزق کی کوئی دعا، حضور! ارشاد فرمائیں میں آج کل بہت پریشان ہوں۔

---

[1] الملفوظ، حصّۂ اوّل، ص ۱۲۸۔

**ارشاد:** ایک صحابی رضی اللہ عنہ خدمتِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کی: دنیا نے مجھ سے پیٹھ پھیر لی۔ فرمایا: کیا وہ تسبیح تمہیں یاد نہیں جو تسبیح ہے ملائکہ کی اور جس کی برکت سے روزی دی جاتی ہے۔ خلق دنیا آئے گی تیرے پاس ذلیل وخوار ہو کر۔ طلوعِ فجر کے ساتھ سو بار کہا کر:

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ [1]

ان صحابی رضی اللہ عنہ کو سات دن گزرے تھے کہ خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی: "حضور دنیا میرے پاس اس کثرت سے آئی، میں حیران ہوں کہاں اٹھاؤں کہاں رکھوں"۔

[1] المواھب اللدنیہ، ج۳، ص ۳۰، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت۔

اس تسبیح کا آپ بھی ورد رکھیں، حتی الامکان طلوعِ صبحِ صادق کے ساتھ ہو؛ ورنہ صبح سے پہلے جماعت قائم ہو جائے تو اس میں شریک ہو کر بعد کو عدد پورا کیجیے اور جس دن قبلِ نماز بھی نہ ہو سکے تو خیر طلوعِ شمس سے پہلے۔[1]

## کثرتِ رزق کا مؤثّر وظیفہ

**عرض:** آمدنی کی قلّت اور اہل و عیال کی کثرت، سخت کُلفت ہے۔

www.ziaetaiba.com

**ارشاد:** یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَاب، پانچ سو بار، اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف، بعدِ نمازِ عشا قبلہ رو با وضو ننگے سر ایسی جگہ کہ جہاں سر اور آسمان کے

[1] الملفوظ، حصّۂ اوّل، ص۱۲۸۔

درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو، یہاں تک کہ سر پر ٹوپی بھی نہ ہو پڑھا کرو۔[1]

## دفعِ وسوسہ کا عمل

**عرض:** وسوسے کے دفع کے لیے کیا پڑھے؟

**ارشاد:**

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ

(میں اللہ و رسول پر ایمان لایا، وہی اوّل و آخر اور وہی ظاہر و باطن ہے اور وہی ہر چیز کو جانتا ہے۔)

پڑھنے سے وسوسے رفع ہو جاتے ہیں، بلکہ صرف اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ کہنے سے دور ہو جاتے ہیں۔[2]

www.ziaetaiba.com

---

[1] الملفوظ، حصّۂ دوم، ص۲۵۶۔

[2] الملفوظ، حصّۂ اوّل، ص۱۳۸۔

# سورۂ تبارک کے فائدے

اس کے فوائد بے شمار ہیں اس میں سورۂ تبارک (یعنی سورۂ مُلک) شریف پڑھی جاتی ہے اس سورۂ کریمہ کے برابر عذابِ قبر سے بچانے والی اور راحت پہنچانے والی کوئی چیز نہیں۔ اگر اس کے پڑھنے والے کے پاس ملائکۂ عذاب (یعنی عذاب کے فرشتے) آنا چاہتے ہیں تو ان کو روکتی ہے، وہ دوسری طرف سے آنا چاہتے ہیں تو اُدھر حائل ہوتی ہے اور فرماتی ہے کہ اس کے پاس نہ آؤ! یہ مجھے پڑھتا تھا۔ فرشتے عرض کرتے ہیں: "ہم اس کے حکم سے آئے ہیں جس کا تو کلام ہے" تو فرماتی ہے کہ ٹھہر جاؤ، جب تک میں واپس نہ آؤں اس کے پاس نہ آنا اور بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہو کر

اپنے پڑھنے والے کی مغفرت کے لیے ایسا جھگڑتی ہے کہ مخلوق کو ایسا جھگڑنے کی طاقت نہیں۔ انتہا یہ کہ اگر مغفرت میں تاخیر ہوتی ہے، عرض کرتی ہے: ”وہ مجھے پڑھتا تھا اور تو نے اسے نہ بخشا۔ اگر میں تیرا کلام نہیں تو مجھے اپنی کتاب میں سے چھیل دے۔“ اس پر ارشادِ باری ہوتا ہے: ”جا، ہم نے اسے بخشا۔“ وہ فوراً جنّت میں جاتی ہے اور وہاں سے ریشمی کپڑے اور آرام تکیے اور پھول اور خوشبوئیں لے کر قبر میں آتی ہے اور فرماتی ہے: ”مجھے آنے میں دیر ہوئی، تو گھبرایا تو نہ تھا۔“ پھر بچھونے بچھاتی اور تکیہ لگاتی ہے۔ فرشتے بحکمِ ربّ العالمین واپس جاتے ہیں۔ [1]

www.ziaetaiba.com

---

[1] ملخصاً، تفسیر القرآن العظیم، سورۃ الملک، تحت السورۃ، ج۸، ص۱۹۵۔
مسند الفردوس اول، ص ۶۲ حدیث ۱۸۹۔
الملفوظ، حصّۂ اوّل، ص۱۳۹۔

# کلمۂ طیّبہ کا ثواب اور ایک جوان

**عرض:** حضور! ایک شخص نے اپنی لڑکی کے انتقال کے بعد دیکھا کہ وہ علیل اور برہنہ ہے، یہ خواب چند بار دیکھ چکا ہے۔

**ارشاد:** کلمۂ طیّبہ ستر ہزار مرتبہ مع درود شریف پڑھ کر بخش دیا جائے۔ ان شاء اللہ پڑھنے والے اور جس کو بخشا ہے دونوں کے لیے ذریعۂ نجات ہوگا اور پڑھنے والے کو دونا ثواب ہوگا اور اگر دو کو بخشے گا تو تگنا۔ اسی طرح کروڑوں بلکہ جمیع مومنین و مومنات کو ایصال ثواب کر سکتا ہے۔ اسی نسبت سے اس پڑھنے والے کو ثواب ہوگا۔

www.ziaetaiba.com

حضرت شیخِ اکبر محی الدین ابنِ عربی رحمۃ اللہ علیہ ایک جگہ دعوت میں تشریف لے گئے، آپ نے دیکھا کہ ایک لڑکا کھانا کھا رہا ہے؛ کھانا کھاتے ہوئے دفعتاً رونے لگا۔ وجہ دریافت کرنے پر کہا کہ میری ماں کو جہنم کا حکم ہے اور فرشتے اسے لیے جاتے ہیں (اس شہر میں یہ لڑکا کشف میں مشہور تھا)۔ حضرت شیخِ اکبر محی الدین ابنِ عربی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس یہی کلمۂ طیّبہ ستر ہزار مرتبہ پڑھا ہوا محفوظ تھا، آپ نے اس کی ماں کو دل میں ایصالِ ثواب کر دیا۔ فوراً وہ لڑکا ہنسا، آپ نے سبب ہنسنے کا دریافت فرمایا۔ لڑکے نے جواب دیا کہ حضور! میں نے ابھی دیکھا میری ماں کو فرشتے جنّت کی طرف لیے جا رہے ہیں۔

www.ziaetaiba.com

شیخ ارشاد فرماتے ہیں: ”اس حدیث کی تصحیح مجھے اس لڑکے کے کَشْف سے ہوئی اور اس کے کشف کی تصدیق اس حدیث سے۔“ [ا]

## خاتمہ بالخیر ہونے کا وظیفہ

ایک روز بعدِ فراغِ نمازِ عشالوگ دست بوس ہو رہے تھے، اس مجمع میں سے ایک صاحب نے خدمتِ بابرکت میں عرض کیا: ”حضور میں ضلع ہوشنگ آباد کا رہنے والا ہوں۔ مجھے حضور کی جبلپور تشریف آوری کی ریل میں خبر ملی؛ لہٰذا ڈاک سے صرف دعا کے واسطے حاضر ہوا ہوں کہ خداوندِ کریم (عزّوجل)

---

[ا] مرقاۃ شرح مشکوٰۃ، ۳، ص۹۸ باب ما علی الماموم من المتابعۃ۔
الملفوظ، حصّۂ اوّل، ص۱۳۹۔

ایمان کے ساتھ خاتمہ بالخیر کرے۔" حضور نے دعا فرمائی اور ارشاد فرمایا: "اکتالیس بار صبح کو

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اوّل و آخر درود شریف، نیز سوتے وقت اپنے سب اوراد کے بعد سورۂ کافرون روزانہ پڑھ لیا کیجیے؛ اس کے بعد کلام وغیرہ نہ کیجیے؛ ہاں اگر ضرورت ہو تو کلام کرنے کے بعد پھر سورۂ کافرون تلاوت کرلیں کہ خاتمہ اسی پر ہو، ان شاءاللہ تعالیٰ خاتمہ ایمان پر ہو گا، اور تین بار صبح اور تین بار شام اس دعا کا ورد رکھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ نُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا نَعْلَمُهٗ وَنَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا نَعْلَمُ

www.ziaetaiba.com

(الٰہی! ہم تجھ سے پناہ مانگتے ہیں اس سے کہ تیرے ساتھ کسی چیز کو شریک کریں جسے ہم جانتے ہیں اور ہم تجھ سے مغفرت طلب کرتے ہیں اس سے جسے ہم نہیں جانتے ہیں۔) [1]

## دفعِ بخار کا عمل

بعدِ عصر کسی صاحب نے ایک مریض کا ذکر کرتے ہوئے عرض کیا کہ "بے حد بخار ہے"، اس پر ارشاد فرمایا: بے حد بخار کے تو یہ معنٰی ہیں کہ اس کی انتہا ہی نہیں! کبھی اترے گا ہی نہیں! کوستے تو آپ خود ہیں۔

[1] مسند احمد بن حنبل، الحدیث ۱۹۶۰۶، ج ۳۲، ص ۳۸۴، مطبوعہ موسسۃ الرسالۃ بیروت لبنان۔

الملفوظ، حصّۂ دوم، ص ۳۱۱۔

(پھر فرمایا) سورۂ مُجادَلہ شریف، جو اٹھائیسویں پارے کی پہلی سورت ہے، بعدِ عصر تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایئے۔[1]

## وظیفے کے اُلٹے اثر کا علاج

**عرض:** ایک صاحب کی لڑکی بلا ناغہ کچھ عرصے سے سورۂ مُزَّمِّل شریف پڑھا کرتی تھی، بلکہ قریب نصف کے حفظ بھی تھی، اب ان صاحبزادی کا دماغ خراب ہو گیا ہے۔

www.ziaetaiba.com

**ارشاد:** لاحول شریف ۶۰ بار، الحمد شریف اور آیۃ الکرسی شریف ایک ایک بار، تینوں قل تین بار دم کر کے پلایئے۔

[1] الملفوظ، حصّہ سوم، ص ۳۲۵۔

**عرض:** کیا آیاتِ قرآنی بھی یہ اثر رکھتی ہیں؟

**ارشاد:** جو قیود عامل بتاتے ہیں ان کی پابندی نہ کرنے سے ایسا ہوتا ہے۔[1]

## سبحان اللہ، الحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ کے منافع

(پھر فرمایا) اچھی باتیں مثلاً

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

ان کا اُخروی نفع تو یہ ہے کہ ہر کلمہ سے ایک پیڑ جنّت میں لگایا جاتا ہے۔[2]

---

[1] الملفوظ، حصّہ سوم، ص ۳۴۱۔

[2] سنن ابنِ ماجہ، الحدیث ۳۸۰۷، ج ۴، ص ۲۵۲۔

www.ziaetaiba.com

اسی کو فرمایا جاتا ہے:

وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ اَمَلًا ۝ [1]

(اور باقی رہنے والی اچھی باتیں ان کا ثواب تمہارے رب کے یہاں بہتر اور وہ امید میں سب سے بھلی۔ کنزالایمان)

اور دوسری جگہ فرمایا جاتا ہے:

وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ مَّرَدًّا ۝ [2]

(اور باقی رہنے والی نیک باتوں کا تیرے رب کے ہاں سب سے بہتر ثواب اور سب سے بھلا انجام۔ کنزالایمان)

---

[1] پ۱۵، الکہف: ۴۶۔

[2] پ۱۶، مریم: ۷۶۔

اور فی الحال ان کا نفع یہ ہے کہ وہ کلمات منہ سے نکل کر ہوا میں مجتمع رہتے ہیں؛ قیامت تک تسبیح و تقدیس کریں گے اور اپنے قائل کے واسطے مغفرت مانگیں گے۔

اسی طرح کلماتِ کفر منہ سے نکل کر ہوا میں مجتمع رہتے ہیں، قیامت تک تسبیح و تقدیس کریں گے اور اپنے قائل پر لعنت کرتے رہیں گے۔[1]

## بینائی تیز کرنے کا نسخہ

www.ziaetaiba.com

**عرض:** حضور! میری آنکھوں کی روشنی بہت کم ہے۔

**ارشاد:** (۱) آیۃ الکرسی شریف یاد کر لیجیے؛ ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھیے۔ نمازِ پنجگانہ کی پابندی رکھیے

[1] الملفوظ، حصّہ سوم، ص ۳۶۴۔

اور عورتیں کہ جن دنوں میں انہیں نماز کا حکم نہیں وہ بھی پانچوں وقت آیۃ الکرسی اس نیّت سے کہ اللہ کی تعریف ہے، نہ اس نیّت سے کہ کلام اللہ ہے پڑھ لیا کریں اور جب اس کلمہ پر پہنچیں "وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا" دونوں ہاتھوں کی انگلیاں آنکھوں پر رکھ کر اس کلمہ کو گیارہ بار کہیں، پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیں۔

(۲) بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نور...نور...نور...نور...نور

سفید چینی کی تشتری (یعنی پلیٹ) پر اسے اسی طرح لکھیں کہ واؤ اور میم کے سر کھلے رہیں آبِ زمزم شریف اور نہ ملے تو آبِ باراں (یعنی بارش کا پانی)

www.ziaetaiba.com

اور نہ ملے تو آب جاری اور نہ ملے تو آب تازہ سے دھو کر دو سو چھپن بار اس پر یَا نُوْرُ پڑھ کر دم کریں اوّل و آخر تین تین بار یہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ یَا نُوْرُ یَانُوْرَ النُّوْرِ صَلِّ عَلٰی نُوْرِكَ الْمُنِیْرِ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

یہ پانی آنکھوں پر لگائیں اور باقی پی لیں۔

(۳) ٹھلیا کے تعویزوں کا چِلّہ کریں۔

(پھر فرمایا) یہ عمل ایسے قَوِیُّ التَّاثیر (یعنی زبردست اثر والے) ہیں کہ اگر صِدقِ اِعتِقاد (یعنی سچا یقین) ہو تو اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی گئی ہوئی آنکھیں واپس آجائیں۔[1]

[1] الملفوظ، حصّۂ سو، ص ۳۷۵۔

## بَلا رسیدہ کو دیکھ کر پڑھنے کی دعا

**عرض:** کسی شخص کو ایسی بلا میں مبتلا دیکھے جو بظاہر انسان کی طرف سے پہنچتی ہے اس وقت بھی یہ دعا پڑھ سکتا ہے؟

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا

(اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے اس سے عافیت بخشی جس میں تجھے مبتلا کیا اور بہت ساری مخلوق پر مجھے اس نے فضیلت عطا فرمائی۔)[1]

www.ziaetaiba.com

---

[1] جامع الترمذی، کتاب الدعوات، باب مایقول إذا رای... الخ، الحدیث ۳۴۴۲، ج۵، ص۲۷۲۔

**ارشاد:** ہر بلا میں مبتلا کو دیکھ کر پڑھ سکتا ہے، خواہ وہ بلا انسانی ہو یا آسمانی۔ (پھر فرمایا) میں تو کافر کا مردہ بھی دیکھ کر پڑھتا ہوں کہ جس بلا میں وہ مبتلا ہوا یعنی موت علی الکفر اس سے خدا نے ہم کو نجات دی کہ اس پر شکر کرنا چاہیے۔ [1]

## قرض ادا ہونے کا مجرّب عمل

**عرض:** حضور! میں آج کل بہت پریشان ہوں؛ گزر اوقات مشکل سے ہوتی ہے قرض دار بہت ہو گیا ہوں۔

**ارشاد:**

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ
وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

www.ziaetaiba.com

[1] الملفوظ، حصّہ سوم، ص ۴۰۶۔

(اے اللہ! مجھے حلال چیزوں میں کفایت کر، حرام چیزوں سے دور رکھ اور تیرے ماسوا سے مجھے اپنے فضل سے غنی کر دے۔)

ہر نماز کے بعد ۱۱۔ ۱۱ بار اور صبح و شام ۱۰۰۔ ۱۰۰ بار، روزانہ اوّل و آخر درود شریف۔

اسی دعا کی نسبت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ "اگر تجھ پر مثل پہاڑ کے بھی قرض ہو گا تو اسے ادا کر دے گا"۔ [1]

## مجلس سے اٹھتے وقت کی دعا

www.ziaetaiba.com

مغرب کی نماز کا وقت آگیا خود اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے قیام فرمانے سے پہلے حسبِ معمول یہ دعا پڑھی:

[1] جامع ترمذی، کتاب الدعوات، احادیث شتی... الخ، الحدیث ۳۵۷۴، ج۵، ص۳۲۹۔
الملفوظ، حصّہ چہارم، ص۴۳۹۔

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ

(اے اللہ تجھے پاکی ہے اور تیری حمد ہے؛ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔)

ایک خادم نے عرض کیا: حضور اس کی فضیلت کیا ہے؟

ارشاد فرمایا: حدیث میں ہے جو شخص جلسے سے اٹھتے وقت اس دعا کو پڑھے گا، جس قدر نیک باتیں اس جلسے میں کی ہوں گی ان پر مہر لگادی جائے گی کہ ثابت رہیں اور جتنی بُری باتیں کہی ہوں گی وہ محو کردی جائیں گی۔[١]

---

[١] سنن ابی داوٗد، کتاب الادب، باب فی کفّارۃ المجلس، الحدیث ۴۸۵۷، ۴۸۵۹، ج۴، ص ۳۴۷، ۳۴۸۔
الترغیب والترھیب ۲، ص ۱۴۱۱ الترغیب فی کلمات یکفرن الخ۔
الملفوظ، حصّۂ چہارم، ص ۴۵۴۔۴۵۵۔

# ایک دعا کا مطلب اور بعدِ مغرب شیاطین کا منتشر ہونا

**عرض:** حضور! چاند دیکھنے کے وقت ایک دعا آئی ہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ ھٰذَا. اس کے کیا معنٰی ہیں؟

**ارشاد:** دنیا میں ایمان خیر محض ہے اور کفر شر محض؛ ان دونوں کے سوا نہ کوئی چیز شر محض ہے، نہ خیر محض۔ آفتاب کے غروب ہونے کے بعد چاند جب روشن ہوتا ہے، اس وقت سرکش و مُتَمَرِّد جن زمین پر منتشر ہوتے ہیں، اسی واسطے حدیث میں آیا ہے: اپنے بچوں کو روکے رہو مغرب سے عشا تک۔ [1] بہت لوگ اس بات کو بہادری سمجھتے ہیں کہ جب لوگوں کی چہل پہل موقوف ہو اس وقت چلیں پھریں۔ یہ جہالت ہے۔

[1] صحیح مسلم، کتاب الاشربہ، باب الامر... الخ، الحدیث ۲۰۱۲، ص ۱۱۱۴۔

حدیث میں ہے: جب پھچل موقوف ہو، باہر نہ نکلو۔ [۱]

اور اکیلے مکان میں تنہا سونے کو بھی لوگ فخر سمجھتے ہیں، حالاں کہ اس کو بھی منع فرمایا ہے۔ [۲]

## زہریلے جانوروں سے بچنے کی دعا

کچھ واقعات مار گزیدہ اشخاص کے ذکر ہوئے۔ اس پر **ارشاد فرمایا:** حدیث میں ہے:

**اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ** [۳]

www.ziaetaiba.com

---

[۱] سنن ابی داوٗد، کتاب الادب، باب نُھِیق الحمیر... الخ، الحدیث ۵۱۰۴، ج۴، ص ۴۲۳، مُلخَّصًا۔

[۲] الملفوظ، حصّۂ چہارم، ص ۴۷۲۔

[۳] مشکوٰۃ ۱، ص ۲۱۳ بابِ الدعوات فی الاوقات؛ سنن ابی داوٗد، کتاب الطب، باب کیف الرقی، الحدیث ۳۸۹۸، ج۴، ص ۱۸۔

جو صبح کو پڑھ لے گا تمام دن زہریلے جانوروں سے محفوظ رہے گا اور جو شام کو پڑھ لے تو صبح تک۔ [۱]

## انگلیوں کے پوروں پر ذکرِ الٰہی کا شمار

**عرض:** حضور! عَقْدِ اَنَامِل بھی حدیث میں آیا ہے؟

**ارشاد:** کوئی خاص طریقہ اس کا حدیث میں مذکور نہیں، البتہ ایک حدیث میں ہے: اِعْقِدْنَّ بِالْاَنَامِلِ فَاِنَّهُنَّ مَسْئُوْلَاتٌ مُسْتَنْطَقَاتٌ.

پوروں پر ذکرِ الٰہی کا شمار کرو کہ ان سے سوال ہونا ہے، یہ بولیں گے۔ [۲]

www.ziaetaiba.com

[۱] الملفوظ، حصّہ چہارم، صفحہ ۳۷۴۔

[۲] جامع ترمذی، کتاب الدعوات، فی فضل التسبیح والتھلیل...الخ، باب ماجاء فی عقد التسبیح، الحدیث ۳۴۹۷، ج۵، ص۲۹۵۔
الملفوظ، حصّہ چہارم، ص۴۷۵۔

## ”لقوہ“ کا مؤثر عمل

ایک صاحب کے رخسارہ پر ”لقوہ“ کا اثر ہو گیا تھا، انہوں نے حاضر ہو کر حضورِ والا سے دعائے خیر چاہی

**ارشاد فرمایا:** لوہے کے پَتّر پر سورۂ زِلزال شریف کندہ کرا لیجیے اور اسے دیکھتے رہا کیجیے۔ [۱]

## گلا پھولنے کا عمل

**عرض:** ایک مریض کا گلا پھول گیا ہے اس کے لیے کوئی دعا ارشاد ہو!

www.ziaetaiba.com

**ارشاد:** اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ [۲] لکھ کر گلے میں ڈال لیا جائے۔ [۳]

---

[۱] الملفوظ، حصّۂ چہارم، ص ۴۸۱۔

[۲] الزخرف، ۷۹۔

[۳] الملفوظ، حصّۂ چہارم، ص ۴۹۹۔

## سفر کے لیے مناسب دن

**عرض:** سفر کے لیے کون کون سے دن مخصوص ہیں؟

**ارشاد:** پنج شنبہ (جمعرات)، شَنبہ (ہفتہ)، دو شنبہ (پیر)۔

حدیث شریف میں ہے: بروز شنبہ قبلِ طلوعِ آفتاب جو کسی حاجت کی طلب میں نکلے اس کا ضامن میں ہوں۔ [1]

## طلبِ حاجت کے لیے مناسب دن

www.ziaetaiba.com

**عرض:** حضور، ایک اِستغاثہ پیش کرنا ہے؛ اس کے واسطے کون سا دن مناسب ہے؟

---

[1] کنز العمال، الفصل الثالث... الخ، الحدیث ۱۶۸۰۸، ج۶، ص ۲۲۱۔
مسند الفردوس ۳، ص ۵۱۹ حدیث ۵۶۲۱۔
الملفوظ، حصّۂ اوّل، ص ۶۰۔

**ارشاد:** اس کے لیے کوئی خاص دن مقرر نہیں، البتہ حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ جو شخص کسی حاجت کو ہفتے کے دن صبح کے وقت قبلِ طلوعِ آفتاب اپنے گھر سے نکلے تو اس کی حاجت روائی کا میں ضامن ہوں۔[1]

## منگل کے دن کپڑا قطع کرنا

**مؤلف:** جبل پور جانے کے چار روز باقی اور حضرت مدظلہٗ الاقدس کے واسطے کپڑے سلوانا تھے: سلطان حیدر خاں نے عرض کی: "درزی کو دیدیے جائیں؟"

**ارشاد:** "آج منگل کا دن ہے، جس کی نسبت مولیٰ علی کرّم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کا ارشاد ہے کہ جو کپڑا

---

[1] مسند الفردوس ۳، ص۵۱۹ حدیث ۵۶۲۰۔
الملفوظ، حصّۂ اوّل، ص۱۱۶۔

www.ziaetaiba.com

منگل کے دن قطع ہو وہ جلے گا، یا ڈوبے گا، یا چوری (ہو) جائے گا۔“[1]

## آیات کو معکوس (اُلٹا) پڑھنے کی وعید

**عرض:** بعض وظائف میں آیات اور سورتوں کا معکوس کرکے پڑھنا لکھا ہے۔

**ارشاد:** حرام اور اشد حرام، کبیرہ اور سخت کبیرہ قریبِ کفر ہے۔ یہ تو درکنار سورتوں کی صرف ترتیب بدل کر پڑھنا اس کی نسبت تو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ”کیا ایسا کرنے والا ڈرتا نہیں کہ اللہ اس کے قلب کو الٹ دے۔“ نہ کہ آیات کو بالکل معکوس کرکے مہمل بنادینا۔

[1] الملفوظ، حصۂ دوم، ص ۲۶۴۔۲۶۸۔

www.ziaetaiba.com

**عرض:** حضور، پھر صوفیائے کرام کے وظائف میں یہ اعمال داخل کیوں کر ہوئے؟

**ارشاد:** احادیث جن کے منقول عنہ حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ہیں ان میں کس قدر موضوعات ہیں۔[۱]

## جہالت کی پیداوار بعض وظائف

(اسی سلسلے میں فرمایا کہ) جاہلوں میں اسمائے حسنیٰ کی قوت بڑھانے کے واسطے ایک طریقہ یہ رکھا گیا ہے کہ مثلاً یَا عَزِیْزُ تَعَزَّزْتَ فِیْ عِزَّتِكَ وَالْعِزَّةُ فِیْ عِزَّةِ عِزَّتِكَ یَا عَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ فِیْ عَظَمَتِكَ وَالْعَظَمَةُ فِیْ عَظَمَةِ عَظَمَتِكَ. خیر یہاں تک تو صحیح تھا آگے اس کے یہ ہے:

---

[۱] الملفوظ، حصّۂ سوم، ص ۳۵۴۔

یَامُذِلُّ تَذَلَّلْتَ فِیْ ذِلَّتِكَ وَالذِّلَّةُ فِیْ ذِلَّةِ ذِلَّتِكَ یَا خَافِضُ تَخَفَّضْتَ فِیْ خَفْضَتِكَ وَالْخَفْضُ فِیْ خَفْضِ خَفْضَتِكَ.

(اے مُذِل! تو نے اپنے کمزور ہونے میں عاجزی اختیار کی اور ذلیل ہونا تو تیری وقعت کے حقیر ہونے میں ہے۔ اے آسودہ حال! تو اپنی آسودگی میں آسودہ ہے اور آسودگی تو تیری آسودہ حالی کی آسودگی میں ہے۔)

اب کہیے یہ کفر ہوا یا نہیں، لیکن وہ کافر نہ ہوئے اس واسطے کہ ان کو شیطان نے بہکا دیا، ان کو اس عربی عبارت کا ترجمہ نہیں معلوم۔ [1]

[1] الملفوظ، ص ۳۵۴۔۳۵۵۔

# بے علم صوفی

(پھر فرمایا) صوفیائے کرام فرماتے ہیں: ”صوفی بے علم مسخرۂ شیطان است“ (بے علم صوفی شیطان کا مسخرہ ہے۔) حدیث میں ارشاد ہوا:

اَلْمُتَعَبِّدُ بِغَيْرِ فِقْهٍ كَالْحِمَارِ فِي الطَّاحُوْنِ [1]

بغیر فقہ کے عابد بننے والا، عابد نہ فرمایا بلکہ عابد بننے والا فرمایا یعنی بغیر فقہ کے عبادت ہو ہی نہیں سکتی، عابد بنتا ہے وہ ایسا ہے جیسے چکی میں گدھا کہ محنتِ شاقّہ کرے اور حاصل کچھ نہیں۔ [2]

---

[1] کنز العمّال، کتاب العلم، الباب الاوّل فی الترغیب فیہ، حدیث ۲۸۷۰۵، ج ۱۰، ص ۶۱۔

[2] الملفوظ، حصّہ سوم، ص ۳۵۵۔

www.ziaetaiba.com

## امام ضامن کا پیسہ

امام ضامن کا جو پیسہ باندھا جاتا ہے اس کی کوئی اصل ہے؟

**ارشاد:** کچھ نہیں۔

**عرض:** حضور! یہ کسی صاحب کا لقب ہے؟

**ارشاد:** ہاں امام علی رضا رضی اللہ عنہ کا۔[۱]

## ایک مُناجات کارد

www.ziaetaiba.com

**عرض:** ایک مناجات حضرت صدّیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہے، اس میں یہ الفاظ ہیں:

"اِبنُ مُوسٰی اِبنُ عِیسٰی اِبنُ یَحیٰی اِبنُ نُوح"

---

[۱] الملفوظ، حصّہ سوم، ص ۳۸۲۔

**ارشاد:** یہ نسبت جھوٹ ہے اور اس کا ورد بھی اچھا نہیں۔ کوئی شخص صدّیق تخلّص ہوگا جس کو عربی عبارت بھی لکھنا نہ آتی تھی۔ [1]

## دیگر

## فضائلِ سورۂ دخان

اس کو جمعرات کی مغرب کے بعد پڑھنے والے کے لیے ستر ہزار فرشتے جمعہ کی مغرب تک استغفار کرتے ہیں (از بیاناتِ مفتی وقارالدین رحمۃ اللہ علیہ)

www.ziaetaiba.com

[1] الملفوظ، حصّہ سوم، ص ۳۹۰۔

# فضائلِ کلمہ شریف

نبیّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اپنے رب عزّ و جل سے روایت کرتے ہیں کہ کلمۂ طیّبہ میرا قلعہ ہے جو اس میں داخل ہوا، میرے عذاب سے محفوظ ہوا۔

# فضائلِ کلمہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

www.ziaetaiba.com

اس کے پڑھنے والے کے لیے امان ہے تنگ دستی سے اور وحشتِ قبر میں اُنس اور غنا اور فراخ دستی لانے والا اور جنّت کا دروازہ کھٹکھٹانے والا ہے۔

انجمن ضیاءِ طیبہ
B-1، شادمان اپارٹمنٹ، بلاک 7، 8، شبیر آباد
سوسائٹی، KCHS، کراچی، پاکستان

## اوراد و وظائف پر مشتمل انجمن ضیاء طیبہ کی مطبوعات

- الوظیفۃ الکریمۃ
- ضیائے طیبہ (مکمل قصیدہ بردہ شریف)
- ضیائے درود (مکمل درودِ اکبر و دیگر)
- ضیاء الدعاء (مسنون دعائیں)
- کتاب الدعوات والاذکار
- ضیائے طواف (طواف کی دعائیں)
- وظائف سیّدی قطبِ مدینہ (زیرِ تدوین)